بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حاصل کیجئے روحانیات اپنے اسم اعظم کے ذریعے ہر مشکل کا حل

(علاج) تلاش کیجئے اسم اعظم اور قرآنی آیات کے ذریعے



تحریر:

سلیم حُسین قادری مقرّبی (ماہرِ روحانیات)

خلیفہ وگدی نشین حضرت بابا ملک محمد صدیق قادری مقرّبی رحمۃ اللہ علیہ

فون نمبر: +92-300-3632186, +92-345-3144920

بذریعہ اسم اعظم تمام مسائل کا حل

دنیا میں کوئی مشکل ایسی نہیں جسے اسم اعظم کے ذریعے حل نہ کیا جا سکے بس صرف آپ کو اپنا اسم اعظم نکالنے کا طریقہ آتا ہو۔ آج ہم قارئین کو اسم اعظم ذاتی نکالنے کا طریقہ بتا رہے ہیں جو کہ ہمیشہ آپ کے کام آئے گا۔

حق تعالیٰ نے ایک ایک آیت و اسماء میں لاکھوں تاثیرات دی ہیں۔ یہ دراصل اپنے بندوں پر حصولِ مطالب کی تدبیریں عطا فرمائی ہیں۔ جن سے حاجات برآتی ہیں۔ اسماء حسنیٰ کی قوت سب سے اعلیٰ ہے۔ انہی کے ورد سے روحانی مراتب بھی ملتے ہیں اور یہ علم جملہ علوم سے برتر ہے۔ اکثر بزرگوں نے اسماء کی تاثیرات بیان کی ہیں مگر اللہ تعالیٰ نے جس قدر چاہا اپنے بندوں کو مطلع فرمایا ہے۔ اسی لئے کوئی شخص بھی کسی اسم کو پکڑے تو اللہ تعالیٰ سے فیض کا طالب رہے۔

جب بھی اسماء حسنیٰ کے ورد یا زکات یا کسی حاجت کے لئے ذکر کی ضرورت پڑے تو اول اعتصام پڑھے۔ بعد میں اختتام پڑھے۔

اعتصام یہ ہے کہ سات بار درود شریف اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ اگر دن کا ورد ہو تو ''ال'' کے اضاف کے ساتھ پڑھنا زیادہ مقبولت رکھتا ہے۔ جیسا کہ الملک قدوس اگر رات کو پڑھنا ہو تو ندا کے ساتھ پڑھنا چاہئے۔ جیسے یا اللہ۔ یا کریم۔

اسم جلالی و جمالی کو ایک وقت نہ پڑھے البتہ مشترک ہو تو مضائقہ نہیں۔ اگر دوران عمل بیمار ہو جائے تو ہر روز بلا ناغہ تا صحت آیت الکرسی او رسورۃ فاتحہ ایک بار پڑھتا رہے اور عمل مرشد کا تصور کر کے پڑھا کرے۔ یہ قوت نہ ہو تو کسی کو مقرر کرے کہ اس کے سامنے پڑھ کر سنا دے۔ صرف ایک دفعہ کافی ہے۔

اگر قرأت دعوت اس قدر ہو کہ ایک نشست میں نہ کر سکے تو دو وقت پر تقسیم کر لے۔ اول شب و آخر شب۔ اگر اب بھی زیادہ ہو تو پانچوں نمازوں پر تقسیم کرے۔ گویا تعداد مقرر آٹھ پہریں پوری کرنا ضروری ہے۔

دعوت سے پہلے تین روز روزے رکھے۔ اسم جلالی ہو تو سوموار کو۔ جمالی ہو تو ہفتہ کو۔ مشترک ہو تو اتوار کو روزہ رکھنا شروع کرے۔ روزہ کے ایام کی مشغولیت کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دن روزہ رکھ کر اپنے نام کے اعداد کے مطابق استغفار پڑھے۔ دوسرے دن روزہ رکھ کر اپنے نام کے اعداد کے مطابق سورۃ اخلاص ورد کرے۔ جب تیسری رات آئے تو کھانا یہ کھائے۔ وضو کر کے گوشہ میں بیٹھے اور استغفار پڑھنا شروع کرے پھر وہیں آرام کرے۔ پچھلی رات اُٹھے دوگانہ تحیۃ الوضو کرے اور دعا میں مصروف ہو اور اپنے باطن پر توجہ کرے پھر شیرینی پر ختم دلائے جیسا کہ ختم کا طریقہ ہے۔ اگر مرشد زندہ نہ ہو تو ختم کے آخر میں اس کا نام بھی لے۔ اعتصام پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے پھر دعوت شروع کرے۔ خواہ دن کو کرے یا رات کو کرے۔

اسمائے الٰہی کے لئے کسی مرشد کا دامن پکڑے۔ مرشد کامل وہ ہے جو اسمائے الٰہی کے ہر مرتبہ سے واقف ہو اور ان کے موکلات و ماہیات کو خوب جانتا ہو۔ حقائق اشیاء اس پر روشن ہوں اور وہ ان حالات پر مغرور یہ ہو یعنی کشف و کرامات میں مبتلا نہ ہو۔ جو شخص ان صفات کا مالک نہ ہو اسے غمازِ دعوت کہتے ہیں۔ غمازِ جو اجازت کسی کو دیتے ہیں تو تاثیر کم ہوتی ہے اور اکثر ناکافی ہوتی ہے۔

اسمِ اعظم ذاتی درجہ اول: مثلاً اگر کسی شخص کا نام عبدالسلام ہے تو اس خوش نصیب کے لئے اسم اعظم یا سلام ہوگا (یعنی براہ راست اسم اعظم سلام × سلام یہ تو اسم اعظم ذاتی دوجہ اول۔

اسمِ اعظم ذاتی درجہ دوم: مثلاً اگر کسی شخص کا نام اسلم ہے اور یہ نام نبی کریم ﷺ کے مختص کردو اسمائے مبارکہ میں موجود نہیں ہے تو ہم اس نام کا اسم اس طرح نکالتے ہیں۔ اسلم کے عدد نکال کر اتنے ہی عدد کا اسم اعظم تلاش کریں۔ اسلم کے عدد ہوئے ۱۳۱ = سَلام کے عدد ہوئے ۱۳۱ تو اسلم کا اسم اعظم ذاتی درجہ دوم بنا ''یا سلام''۔

اسمِ اعظم ذاتی درجہ سوئم: مثلاً کسی کا نام نایاب ہے جو نبی کریم ﷺ کے مختص کردہ مبارکہ میں نہیں ہے اور نہ ہی نایاب کے عدد جو کہ ۶۴ ہیں کے برابر دعدد کا کوئی اسم ہے تو اس نام نایاب کا اسم اعظم نکالنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ ہم ۶۴ کے عدد کے برابر ایک سے زائد اسم مبارکہ نکال کر نایاب کا اسم اعظم بنائیں گے۔

مثلاً اسمِ مبارکہ ''یَا وَلِیُ'' عدد ۴۶ = اسم مبارکہ ''یَا حیُ'' عدد ۱۸ ان دنوں کو جمع کیا ۴۶ + ۱۸ = ۶۴

یعنی اسم مبارکہ ''یا ولی' اور اسم مبارکہ ''یا حی'' کے عدد جمع کرنے پر نایاب کے عدد کے برابر عدد حاصل ہوا تو نایاب صاحب کا اسم اعظم بنا (یَا وَلِیُ یَا حیُ)

اسمِ اعظم ذاتی درجہ چہارم: مثلاً اگر کسی شخص کا نام اویس ہے جو نبی کریم ﷺ کے مختص کردہ اسمائے مبارکہ میں موجود نہیں ہے اور نہ ہی اویس کے عدد جو کہ ۷۷ ہیں اسمائے مبارکہ کے نام کے برابر ہیں تو اویس کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ سے اسم اعظم ذاتی درجہ چہارم نکلے گا یعنی جن لوگوں کا عدد ایک سے زائد اسماء سے بھی نہ بن سکے ان کے لئے درجہ چہارم ہے۔

یعنی اویس کے ۷۷ عدد کا مفرد نکلا (۵) یعنی ۷ + ۷ = ۱۴ = ۱ + ۴ = ۵ اور یا سلام کے ۱۳۱ عدد کا مفرد نکلا (۵) یعنی ۱ + ۳ + ۱ = ۵ تو ''یا سلام'' ہوا اویس کے لئے اسم اعظم ذاتی دوجہ چہارم۔

خداوندِ عالم کے یہ اسمائے مبارکہ نبی کریم ﷺ کے مختص کردہ ہیں۔ بریکٹ میں مفرد عدد ہیں۔

حروف ابجدِ قمری کا چارٹ

ا	ب پ	ج چ	د ڈ	ہ	و	ز ژ	ح	ط	ی ے	ک گ	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر ڑ	ش	ت ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

نوٹ: اپنے نام کے عدد کے مطابق نکالے گئے اسم اعظم ذاتی کو اپنے عدد کے مطابق ہر نماز کے بعد پڑھ کر اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا مانگیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اسم اعظم کے ساتھ مانگی جانے والی دعا قبولیت کی منزل کو پہنچتی ہے۔ اول و آخر درود شریف پڑھنا لازم ہے۔

ہر قسم کے روحانی علاج کے لئے رابطہ کریں۔ المرلز روحانیات

الله (۳)۶۶	رحمن (۱)۲۹۸	رحیم (۶)۲۵۸	ملك (۹)۹۰	قدوس (۸)۱۷۰
سلام (۵)۱۳۱	مومن (۱)۱۳۶	مهیمن (۱)۱۴۵	عزیز (۴)۹۴	جبار (۸)۲۰۶
متکبر (۵)۶۶۲	خالق (۲)۷۳۱	باری (۶)۲۱۳	مصور (۳)۳۳۶	غفار (۳)۱۲۸۱
قهار (۹)۳۰۶	وهاب (۵)۱۴	رزاق (۲)۳۰۸	فتاح (۳)۴۸۹	علیم (۶)۱۵۰
قابض (۳)۹۰۳	باسط (۹)۷۲	خافض (۵)۱۴۸۱	رافع (۹)۳۵۱	معز (۹)۱۱۷
مذل (۵)۷۷۰	سمیع (۹)۱۸۰	بصیر (۵)۳۰۲	حکم (۵)۶۸	عدل (۵)۱۰۴
لطیف (۳)۱۲۹	خبیر (۲)۸۱۲	حلیم (۷)۸۸	عظیم (۳)۱۰۲۰	غفور (۸)۱۲۸۶
شکور (۴)۵۲۶	علی (۲)۱۱۰	کبیر (۷)۲۳۲	حفیظ (۸)۹۹۸	مقیت (۱)۵۵۰
حسیب (۸)۸۰	جلیل (۱)۷۳	کریم (۹)۲۷۰	رقیب (۶)۳۱۲	مجیب (۱)۵۵
واسع (۲)۱۳۷	حکیم (۶)۷۸	ودود (۲)۲۰	مجید (۳)۵۷	باعث (۶)۵۷۳

شهید (۴)۳۱۹	حق (۹)۱۰۸	وکیل (۳)۶۶	قوی (۸)۱۱۶	متین (۵)۵۰۰
ولی (۱)۴۶	حمید (۸)۶۲	محصی (۴)۱۴۸	مبدی (۲)۵۶	معید (۷)۱۲۴
محیی (۵)۶۸	ممیت (۴)۴۹۰	حئی (۹)۱۸	قیوم (۳)۱۵۶	واجد (۵)۱۴
ماجد (۳)۴۸	واحد (۱)۱۹	احد (۴)۱۳	صمد (۸)۱۳۴	قادر (۸)۳۰۵
مقتدر (۶)۷۴۴	مقدم (۴)۱۸۴	موخر (۹)۸۴۶	اول (۱)۳۷	آخر (۹)۸۰۱
ظاهر (۸)۱۱۰۶	باطن (۸)۶۲	والی (۲)۴۷	متعالی (۲)۵۵۱	بَر (۴)۲۰۲
تواب (۴)۴۰۹	منتقم (۹)۶۳۰	عفو (۳)۱۵۶	رؤف (۷)۲۸۶	مالك الملك (۵)۲۱۲
ذوالجلال والاکرام (۲)۱۱۰۰	مقسط (۲)۲۰۹	جامع (۶)۱۱۴	غنی (۷)۱۰۶۰	مغنی (۲)۱۱۰۰
مانع (۸)۱۶۱	ضار (۲)۱۰۰۱	نافع (۳)۲۰۱	نور (۴)۲۵۶	هادی (۲)۲۰
بدیع (۵)۸۶	باقی (۵)۱۱۳	وارث (۵)۷۰۷	رشید (۱)۵۱۴	صبور (۱)۲۹۸
	هو (۲)۱۱			

اَللّٰہُ

(اللہ کا نام)

جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ یا اللہ پڑھے گا انشاء اللہ اس کے دل سے تمام شکوک وشبہات دور ہو جائیں گے اور عزم و یقین نصیب ہوگی۔ جو لا علاج مریض بکثرت ''یا اللہ'' کا وِرد رکھے اور اس کے بعد شفاء کی دُعا مانگے اس کو شفائے کامل نصیب ہوگی۔

اَلرَّحْمٰنُ

(بے حد رحم کرنے والا)

روزانہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ اس اسم کو پڑھنے والے کے دل سے ہر قسم کی سختی اور غفلت دور ہو جائے گی۔

اَلرَّحِیْمُ

(بڑا مہربان)

جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا تمام دنیوں آفتوں سے محفوظ رہے گا تمام مخلوق اُس پر مہربان ہو جائے گی۔ انشاء اللہ

اَلْمَلِکُ

(حقیقی بادشاہ)

روزانہ صبح کی نماز کے بعد کثرت سے اس اسم کو پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ غنی فرما دے گا۔ انشاء اللہ

اَلْقُدُّوْسُ

(برائیوں سے پاک ذات)

جوشخص روزانہ زوال کے بعد اس اسم کو کثرت سے پڑھے گا انشاءاللہ اس کا دل روحانی امراض سے پاک ہوجائیگا۔

اَلسَّلَامُ

(بے عیب ذات)

جوشخص کثرت سے اس اسم کو پڑھتا ہے انشاءاللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا جوشخص ۱۱۵ مرتبہ پڑھ کر بیمار پر دم کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو صحت وشفاء عطا فرمائے گا۔

اَلْمُؤْمِنُ

(امن وایمان دینے والا)

جوشخص کسی خوف کے وقت اس اسم کو ۶۳۰ مرتبہ پڑھے گا انشاءاللہ ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔ جوشخص اس اسم کو پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے اس ظاہرہ باطن اللہ تعالیٰ امان میں رہے گا۔

اَلْمُهَيْمِنُ

(نگہبان)

جوشخص غسل کرکے دو رکعت نماز پڑھے اور صدق دل سے ۱۰۰ مرتبہ یہ اسم پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو ظاہرہ وباطن پاک فرمادے گا۔ اور جوشخص ۱۱۵ مرتبہ پڑھے گا تو انشاءاللہ وہ پوشیدہ چیزوں پر مطلع ہوگا۔

اَلْعَزِیْزُ

(سب پر غالب)

جو شخص چالیس دن تک چالیس مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو معزز و مستغنی بنا دے گا، اور جو شخص نمازِ فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھتا رہے، وہ انشاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہوگا اور ذلت کے بعد عزت پائے گا

اَلْجَبَّارُ

(سب سے زبردست)

جو شخص روزانہ صبح و شام ۲۲۶ مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا، انشاء اللہ ظالموں کے ظلم و قہر سے محفوظ رہے گا، ور جو شخص چاندی کی انگوٹھی پر اسم نقش کرا کے پہنے گا۔ اس کے ہیبت و شوکت لوگوں کے دلوں میں انشاء اللہ پیدا ہوگی۔

اَلْمُتَکَبِّرُ

(بڑائی اور بزرگی والا)

جو شخص کثرت سے اس اسم کا ورد رکھے گا، اللہ تعالیٰ اسے عزت اور بڑائی عطا فرمائے گا، اور اگر ہر کام کی ابتداء میں یہ اسم بکثرت پڑھے تو انشاء اللہ اس میں وہ کامیاب ہوگا۔

اَلْخَالِقُ

(پیدا کرنے والا)

جو شخص سات روز متواتر ۱۰۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا، انشاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا، جو شخص ہمیشہ اس اسم کو پڑھتا رہے، تو اللہ پاک ایک فرشتہ پیدا کر دیتا ہے جو اسکی طرف سے ہمیشہ عبادت کرتا ہے اور اس سے اسکا چہرہ منور رہتا ہے۔

اَلْبَارِئُ

(جان ڈالنے والا)

اگر بانجھ عورت سات روز روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد اکیس مرتبہ اَلْبَارِیُ الْمُصَوِّرُ پڑھے تو انشاءاللہ اسے اولادِ نرینہ نصیب ہوگی۔

اَلْمُصَوِّرُ

(تصویر بنانے والا)

بے اولاد عورت اس اسم مبارک پر اس طرح عمل کرے کہ سات روزے رکھے اور ہر افطار کے وقت ان تین ناموں کو (یعنی یاخَالِقُ، یابَارِیُ، یامُصَوِّرُ) ۲۱ مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی دم کرے اور اس پانی سے افطار کرے، تو اسے اولاد حاصل ہوگی۔ انشاءاللہ

اَلْغَفَّارُ

(درگزر اور پردہ پوشی کرنے والا)

جو شخص جمعہ کے بعد سو مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے گا۔ انشاءاللہ اس پر مغفرت کے آثار ظاہر ہونے لگیں گے، اور جو شخص نماز عصر کے بعد روزانہ یَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِیْ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو انشاءاللہ بخشے ہوئے لوگوں کے زُمرہ میں داخل کرے گا۔

اَلْقَهَّارُ

(سب کو اپنے قابو میں رکھنے والا)

جو شخص دنیا کی محبت میں گرفتار ہو، وہ کثرت سے اس اسم کو پڑھے، تو دنیا کی محبت اس کے دل سے انشاءاللہ دور ہو جائے گی، اور خدا کی محبت پیدا ہوگی۔

اَلْوَهَّابُ

(سب کچھ عطا کرنے والا)

جو شخص فقرہ فاقہ میں گرفتار ہو، وہ کثرت سے اس اسم کو پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں چالیس مرتبہ یہ اسم پڑھا کرے، تو اللہ تعالیٰ فقرہ فاقہ سے انشاءاللہ اسکو حیرت انگیز طریق پر نجات دے گا، اور اگر کوئی خاص حاجت درپیش ہو، تو گھر یا مسجد کے صحن میں تین مرتبہ سجدہ کر کے ہاتھ اُٹھائے اور ۱۰۰ مرتبہ یہ اسم پڑھے انشاءاللہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

اَلرَّزَّاقُ

(بہت بڑی روزی دینے والا)

جو شخص نماز صبح سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں میں ۱۰ مرتبہ اسم پڑھ کر دم کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے انشاءاللہ کھول دے گا اور بیماری و مفلسی اس کے گھر میں ہرگز نہ آئے گی۔ داہنے کو نہ شروع کرے اور منہ قبلے کی طرف رکھے۔

اَلْفَتَّاحُ

(بہت بڑا مشکل کشا)

جو شخص نماز فجر کے بعد دونوں ہاتھ سینہ پر باندھ کر ۷۰ مرتبہ یہ اسم پڑھا کرے گا، انشاءاللہ اس کا دل نور ایمان سے منور ہو جائے گا۔

اَلْعَلِیْمُ

(بہت وسیع علم والا)

جو شخص کثرت سے اس اسم کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر انشاءاللہ علم و معرفت کے دروازے کھول دے گا۔

اَلْقَابِضُ

جوشخص روٹی کے چار لقموں پر اس اسم کو لکھ کر چالیس دن تک کھائے گا، بھوک وزخم اور درد وغیرہ کی تکالیف سے انشاءاللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔

اَلْبَاسِطُ

(روزی کشادہ کرنے والا)

جوشخص نمازِ چاشت کے بعد آسمان کے جانب ہاتھ اُٹھا کر روزانہ ۱۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا اور منہ پر ہاتھ پھیرے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے انشاءاللہ غنی بنادے گا اور وہ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

اَلْخَافِضُ

(پشت کردینے والا)

جوشخص روزانہ ۵۰۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے گا، اللہ تعالیٰ اسکی حاجتیں انشاءاللہ پوری اور مشکلات دور فرمادے گا، جوشخص تین روزے رکھے اور چوتھے روز ایک جگہ بیٹھ کر ستر بار اس اسم کو پڑھے گا انشاءاللہ دشمن پر فتح یاب ہوگا۔

اَلرَّافِعُ

(بلند کرنے والا)

جوشخص ہر مہینہ کی چودھویں رات کو آدھی رات میں ۱۰۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے انشاءاللہ مخلوق سے بے نیاز اور تونگر بنادے گا۔

اَلْمُعِزُّ

(عزّت دینے والا)

جوشخص پیر یا جمعہ کے دن بعد نماز مغرب ۴۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں میں انشاءاللہ باعزّت اور باوقار بنادے گا۔

اَلْمُذِلُّ

(ذِلّت دینے والا)

جوشخص ۷۵ مرتبہ باراس اسم کو پڑھ کر سربسجود ہوکر دعا کریگا، اللہ تعالیٰ اس کو انشاءاللہ حاسدوں، ظالموں اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھے گا، اگر کوئی خاص دشمن ہو تو سجدہ میں اس کا نام لے کر کہے: ''اے اللہ! فلاں ظالم یا دشمن کے شر سے محفوظ رکھ۔'' اور دعا کرے، انشاءاللہ قبول ہوگی۔

اَلسَّمِیعُ

(سب کچھ سُننے والا)

جوشخص جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد ۵۰۰ یا ۱۰۰ یا ۵۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا، انشاءاللہ اس کی دعائیں قبول ہوں گی، لیکن دوران عمل (دومیان میں) کسی سے بات ہرگز نہ کرے اور جوشخص جمعرات کے دن فجر کی سنتوں اور فرضوں کے دومیان ۱۰۰ مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کو نظر خاص سے انشاءاللہ نوازے گا۔

اَلْبَصِیرُ

(سب کچھ دیکھنے والا)

جوشخص نماز جمعہ کے بعد ۱۰۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کی نگاہ میں انشاءاللہ روشنی اور دل میں نور پیدا فرمادے گا۔

اَلْحَلِیْمُ

(بڑا بُردبار)

جو شخص اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر جس چیز پر اس پانی کو چھڑکے یا ملے گا انشاء اللہ اس میں خیر و برکت ہوگی اور آفتوں سے وہ چیز محفوظ رہے گی۔

اَلْعَظِیْمُ

(بڑا بزرگ)

جو شخص اس اسم کو بکثرت وِرد رکھے گا، انشاء اللہ اسے عزت و عظمت نصیب ہوگی۔

اَلْغَفُوْرُ

(بہت بخشنے والا)

جو شخص اس اسم کا بکثرت وِرد رکھے گا، انشاء اللہ اس کی تمام تکالیف اور رنج و غم دور ہو جائیں گے اور مال و اولاد میں برکت ہوگی۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص سجدہ میں یَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ مرتبہ کہے گا، اللہ تعالیٰ اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرما دے گا۔

اَلشَّکُوْرُ

(قدر دان)

جو شخص معاشی تنگی یا کسی اور دُکھ درد، رنج و غم میں مبتلا ہو، وہ اس اسم کو ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھے، انشاء اللہ اس سے رہائی نصیب ہوگی۔

اَلْحَكَمُ

(حاکم مطلق)

جوشخص آخرِ شب میں ۹۹ مرتبہ باوضو یہ اسم پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اسکے دل کو انشاءاللہ محل اسرار وانوار بنادے گا، اور جوشخص جمعہ کی رات میں یہ اسم اس قدر پڑھے کہ بے حال وبیخود ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اسکے قلب کو انشاءاللہ کشف والہام سے نوازے گا۔

اَلْعَدْلُ

(سرتاپا انصاف)

جوشخص جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات میں روٹی کے ۲۰ ٹکڑوں پر اس اسم کو لکھ کر کھائے گا اللہ تعالیٰ مخلوق کو اس کے لئے مسخر فرمادے گا۔

اَللَّطِیْفُ

(بڑا لطف وکرم کرنے والا)

جوشخص ۱۳۳ مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے گا، انشاءاللہ اس کے رزق میں برکت ہوگی اور اس کے سب کام بخوبی پورے ہوں گے۔ جوشخص فقر وفاقہ، دُکھ، بیماری، تنہائی وکسمپرسی یا کسی اور مصیبت میں گرفتار ہو، وہ اچھی طرح وضو کرکے دوگانہ نماز پڑھے اور اپنے مقصد ومطلب کو دل میں رکھ کر ۱۰۰ مرتبہ اسم پڑھے۔ انشاءاللہ مقصد پورا ہوگا۔

اَلْخَبِیْرُ

(باخبر اور آگاہ)

جوشخص سات روز تک یہ اسم بکثرت پڑھے گا، انشاءاللہ تعالیٰ اس پر پوشیدہ راز ظاہر ہونے لگیں گے۔ جوشخص خواہشات نفسانی میں گرفتار ہو، وہ بکثرت اس اسم کو ورد کرے، انشاءاللہ تعالیٰ ان سے رہائی نصیب ہوگی۔

اَلْعَلِیُّ

(بہت بلند و بالا)

جو شخص اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے اسے رتبہ کی بلندی اور خوشحالی اور مقصد میں کامرانی نصیب ہوگی۔

اَلْکَبِیْرُ

(بہت بڑا)

جو شخص اپنے عہدہ سے معزول ہوگیا ہو، وہ سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے وہ انشاء اللہ اپنے عہدہ پر بحال ہو جائے گا اور اس کو بزرگی و برتری نصیب ہوگی۔

اَلْحَفِیْظُ

(سب کا حافظ)

جو شخص کثرت سے اس اسم کو ورد رکھے گا اور لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، وہ انشاء اللہ ہر طرح کے خوف و خطر اور نقصان و ضرر سے محفوظ رہے گا۔

اَلْمُقِیْتُ

(سب کو روزی اور توانائی دینے والا)

جو شخص خالی آبخورے میں سات مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کرے، اور اس میں خود پانی پیئے یا کسی دوسرے کو پلائے یا سونگھے تو انشاء اللہ اس سے اس کا مقصد پورا ہوگا۔

الحسیب

(سب کے لئے کفایت کرنے والا)

جس شخص کو کسی بھی شخص یا چیز کا ڈر ہو، وہ جمعرات سے شروع کر کے آٹھ روز تک صبح وشام ۷۰ مرتبہ حسبی اللہ الحبیب پڑھے، وہ انشاء اللہ ہر چیز کے شر سے محفوظ رہے گا۔

الجلیل

(بڑے اور بلند مرتبہ والا)

جو شخص مشک وزعفران سے اس اسم کو اپنے پاس رکھے گا اور بکثرت اس اسم کا ورد رکھے گا، اللہ تعالیٰ اس کو انشاء اللہ عزت وعظمت اور قدر ومنزلت عطا فرمائے گا۔

الکریم

(بہت کرم کرنے والا)

جو شخص روزانہ سوتے وقت اس اسم کو پڑھتے پڑھتے سو جایا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو علماء وصلحاء میں عزت نصیب فرمائے گا۔

الرقیب

(بڑا نگہبان)

جو شخص اپنے اہل وعیال ومنال پر ۷ مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر روزانہ دم کیا کرے اور اس اسم کا ورد رکھے گا، انشاء اللہ تعالیٰ وہ سب آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

اَلْمُجِیْبُ

(دعائیں سننے اور قبول کرنے والا)

جو شخص کثرت سے اس اسم کو پڑھا کرے گا انشاءاللہ اس کی دعائیں بارگاہ خداوندی میں قبول ہونے لگیں گی۔

اَلْوَاسِعُ

(وُسعت والا)

جو شخص بکثرت اس اسم کا دور کھے گا انشاءاللہ تعالیٰ اس کو ظاہری اور باطنی غنا اللہ تعالیٰ عطا فرمائے گا۔

اَلْحَکِیْمُ

(بڑی حکمتوں والا)

جو شخص کثرت سے اس اسم کو پڑھا کرے گا، اللہ تعالیٰ اس پر انشاءاللہ علم و حکمت کے دروازے کھول دے گا، جس شخص کا کوئی کام پورا نہ ہوتا ہو، تو وہ پابندی سے اس اسم کو پڑھا کرے انشاءاللہ تعالیٰ کام پورا ہو جائے گا۔

اَلْوَدُوْدُ

(بڑا محبت کرنے والا)

جو شخص ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر کھانے پر دم کرے گا اور بیوی کے ساتھ بیٹھ کر وہ کھانا کھائے گا، تو انشاءاللہ میاں بیوی کا جھگڑا ختم ہو جائے گا، اور باہمی محبت پیدا ہو جائے گی۔

اَلْمَجِیْدُ

(بڑی بزرگی والا)

جو شخص کسی موذی مرض آتشک، جذام وغیرہ میں گرفتار ہو، وہ ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ تاریخ کے روزے رکھے اور افطار کے بعد بکثرت اس اسم کو پڑھا کرے اور پانی پر دم کر کے پیئے، انشاءاللہ وہ مرض دور ہو جائے گا۔

اَلْبَاعِثُ

(مردوں کو زندہ کرنے والا)

جو شخص روزانہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ۱۰۱ مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے، انشاءاللہ اس کا دل علم و حکمت سے زندہ ہو جائے گا۔

اَلشَّہِیْدُ

(ہر جگہ حاضر و ناظر)

جس شخص کی بیوی ہو اولاد نافرمان ہو، وہ صبح کے وقت اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر ۲۱ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کرے، انشاءاللہ فرمانبردار ہو جائے گا۔

اَلْحَقُّ

(برحق و برقرار رہنے والا)

جو شخص چوکور کاغذ کے چاروں کونوں پر الحق لکھ کر سحر کے وقت کاغذ کو ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف بلند کر کے دعا کرے، انشاءاللہ گمشدہ یا سامان مل جائے گا، اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

الوَكِيل

(بڑا کارساز)

جو شخص کسی بھی آسمانی آفت کے خوف کے وقت بکثرت اس اسم کا ورد کرے گا اور اس اسم کو اپنا وکیل بنائے گا، وہ انشاءاللہ ہو آفت سے محفوظ رہے گا۔

القَوِیُّ

(بڑی طاقت وقوت والا)

جو شخص واقعی مظلوم اور کمزور و مظلوب ہو، وہ اس ظالم اور طاقت ور دشمن کو دفع کرنے کی نیت سے بکثرت اس اسم کو پڑھے، انشاءاللہ اس سے محفوظ رہے گا۔ (نے محل اور ناحق یہ عمل ہرگز نہ کرے)

المَتِین

(شدید قوت والا)

جس عورت کے دودھ نہ ہو اس کو یہ اسم کاغذ پر لکھ کر دھو کو پلائیں، انشاءاللہ خوب دودھ ہوگا۔

الوَلِیُّ

(بڑا مددگار اور حمایتی)

جو شخص اپنی بیوی کی عادتوں خصلتوں سے خوش نہ ہو، وہ جب اس کے سامنے جائے، اس اسم کو پڑھا کرے، انشاءاللہ تعالیٰ وہ نیک خصلت ہو جائے گی۔

اَلْحَمِیْدُ

(تعریف کے لائق)

جو شخص ۴۵ دن تک متواتر ۹۳ مرتبہ تنہائی میں اس اسم کو پڑھا کرے گا، اس کی تمام بُری خصلتیں اور عادتیں انشاءاللہ تعالیٰ دور ہو جائیں گی۔

اَلْمُحْصِیْ

(اپنے علم اور شمار میں سب کچھ رکھنے والا)

جو شخص روٹی کے ۲۰ ٹکڑوں پر روزانہ ۲۰ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کر کے کھائے، انشاءاللہ مخلوق اس کے لئے مسخر ہو جائے گی۔

اَلْمُبْدِئُ

(پہلی بار پیدا کرنے والا)

جو شخص سحر کے وقت حاملہ عورت کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ۹۹ مرتبہ ۱۱ اس اسم کو پڑھے گا انشاءاللہ اس کو حمل نہ گرے گا، اور نہ وقت سے پہلے اس کا بچہ پیدا ہوگا۔

اَلْمُعِیْدُ

(دوبارہ پیدا کرنے والا)

گم شدہ شخص کو واپس بلانے کے لئے یہ عمل بڑا کثیر ہے۔ جب گھر کے تمام افراد سو جائیں، تو گھر چاروں کونوں میں ستر، ستر مرتبہ اس اسم کو پڑھے، انشاءاللہ سات روز میں یا وہ واپس آجائے گا یا اس کا کوئی پتہ چل جائے گا۔

اَلْمُحْیِیُ

(زندگی دینے والا)

جو شخص بیمار ہو وہ بکثرت اس اسم کا ورد رکھے یا کسی دوسرے بیمار پر دم کرے، تو انشاءاللہ صحت یاب ہو جائے۔ جو شخص ۸۹ مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، وہ طرح کی قید و بند سے انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔

اَلْمُمِیْتُ

(موت دینے والا)

جس شخص کا نفس اس کے قابو میں نہ ہو، وہ سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر اس اسم کو پڑھتے پڑھتے سو جائے، تو انشاءاللہ اس کا نفس مطیع ہو جائے گا۔

اَلْحَیُّ

(ہمیشہ، ہمیشہ زندہ رہنے والا)

جو شخص روزانہ ۳ ہزار مرتبہ اس اسم کو ورد رکھے گا، وہ انشاءاللہ کبھی بیمار نہ ہوگا۔ جو شخص اس اسم کو چینی کے برتن پر مشک اور گلاب سے لکھ کر شیریں پانی سے دھو کر پیئے یا کسی دوسرے بیمار کو پلائے انشاءاللہ شفائے کامل نصیب ہوگی۔

اَلْقَیُّوْمُ

(سب کو قائم رکھنے والا اور سنبھالنے والا)

جو شخص بکثرت اس اسم کا ورد رکھے انشاءاللہ لوگوں میں اس کی عزت اور ساکھ زیادہ ہو اور تنہائی میں بیٹھ کر ورد کرے تو انشاءاللہ خوش حال ہو جائے۔ جو شخص صبح کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک یا حی یا قیوم کا ورد کرے، انشاءاللہ اسکی سستی و کاہلی دور ہو جائے گی۔

الْوَاجِدُ

(ہر چیز کو پانے والا)

جو شخص کھانا کھاتے وقت اس اسم کو ورد رکھے گا، تو اس کے کھانے کی جو غذا ہے اس کے قلب کے لئے انشاءاللہ تعالیٰ طاقت وقوت اور نورانیت کا باعث بنے گی۔

الْمَاجِدُ

(بزرگی اور بڑائی والا)

جو شخص تنہائی میں یہ اسم اس قدر پڑھے کہ بے خور ہو جائے تو انشاءاللہ اس کے قلب پر انوار الٰہیہ ظاہر ہونے لگیں گے۔

الْوَاحِدُ

(اکیلا، تن، تنہا)

جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ الواحد الاحد پڑھا کرے، اس کے دل سے انشاءاللہ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔ جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو۔ وہ اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، انشاءاللہ اس کو صالح اولاد نصیب ہوگی۔

الْاَحَدُ

(اکیلا)

جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ الواحد الاحد پڑھا کرے، اس کے دل سے انشاءاللہ مخلوق کی محبت ہو، وہ اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، انشاءاللہ اس کو صالح اولاد نصیب ہوگی۔

الصَّمَدُ

(بے نیاز)

جو شخص سحر کے وقت سجدہ میں سر رکھ کر ۱۱۵ یا ۱۲۵ مرتبہ اس اسم کو پڑھے۔ اس کو انشاء اللہ ظاہری و باطنی سچائی نصیب ہوگی اور جو شخص باوضو اس اسم کو ورد جاری رکھے، وہ انشاء اللہ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا۔

القَادِرُ

(قدرت والا)

جو شخص دو رکعت نماز پڑھ کر ۱۰۰ مرتبہ یہ اسم پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے دشمنوں کو ذلیل و رسوا فرما دے گا (اگر وہ حق پر ہوگا)۔ اگر کسی شخص کو کسی کام میں دشواری پیش آ جائے تو اکتالیس بار اس اسم کو پڑھے، انشاء اللہ وہ دشواری اس سے دور ہو جائے گی۔

المُقتَدِرُ

(پوری قدرت والا)

جو شخص سو کر اُٹھنے کے بعد بکثرت اس اسم کو ورد کیا کرے یا کم از کم ۲۰ مرتبہ پڑھا کرے، انشاء اللہ اس کے تمام کام آسان اور درست ہو جائیں گے۔

المُقَدِّمُ

(پہلے اور آگے کرنے والا)

جو شخص جنگ کے وقت یہ اسم کثرت سے پڑھتا رہے گا، اللہ تعالیٰ اسے (پیش قدمی کی) قوت انشاء اللہ عطا فرما دے گا، اور دشمنوں سے محفوظ رکھے گا اور جو شخص ہر وقت اس اسم کا ورد رکھے گا وہ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ کا مطیع و فرمانبردار بن جائے گا۔

اَلْمُؤَخِّرُ

(پچھے اور بعد میں رکھنے والا)

جو شخص کثرت سے اس اسم کو ورد رکھے گا اُسے انشاءاللہ سچی توبہ نصیب ہوگی اور جو شخص روزانہ ۱۰۰ مرتبہ اس اسم کو پابندی سے پڑھا کرے اسکو انشاءاللہ حق تعالیٰ کا قرب نصیب ہوگا کہ اس کے بغیر چین نہ آئے گا۔

اَلْاَوَّلُ

(سب سے پہلے)

جس شخص کے لڑکا نہ ہوتا ہو، وہ ۴۰ دن تک ۴۰ مرتبہ روز اس اسم کو پڑھا کرے۔ انشاءاللہ اس کی مراد پوری ہوگی۔
جو شخص مسافر ہو وہ جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے۔ انشاءاللہ جلد بخیرت وطن واپس پہنچے گا۔

اَلْاٰخِرُ

(سب سے بعد)

جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے اسکے دل سے غیر اللہ کی محبت دور ہو جائے گی
اور انشاءاللہ ساری عمر کوتاہیوں کا کفارہ ہو جائے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔

اَلظَّاهِرُ

(ظاہر و آشکارہ)

جو شخص اشراق کے بعد ۵۰۰ مرتبہ اس اسم کا ورد کیا کرے اللہ تعالیٰ اسکی آنکھوں میں انشاءاللہ روشنی اور
دل میں نور عطا فرمائے گا۔

الظّاہِرُ

جوشخص روزانہ ۳۳ مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے انشاءاللہ اس پر اسرار باطنی ظاہر ہونے لگیں گے اور اسکے قلب میں اُنس ومحبت الٰہی پیدا ہوگی۔ جوشخص دو رکعت نماز ادا کر کے ھوالاول والاخر وبظاہر والباطن وھوعلی شیءقدیر پڑھا کرے انشاءاللہ اسکی تمام حاجتیں پوری ہوگی۔

الوَالِی

(متولّی اور متصّرف)

جوشخص کثرت سے اس اسم اکا ورد رکھے گا، وہ ناگہانی آفتوں سے انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔ کورے آبخورے میں یہ اسم لکھ کر اس میں پانی بھر کر مکان میں چھڑکے گا تو وہ مکان بھی انشاءاللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا، اگر کسی کو مسخر کرنا چاہے تو گیارہ مرتبہ یہ اسم پڑھے، انشاءاللہ وہ فرمانبردار ہوجائے گا۔

المُتعَالی

(سب سے بلند وبرتر)

جوشخص کثرت سے اس اسم کا ورد رکھے گا انشاءاللہ اسکی تمام مشکلات رفع ہوں گی اور جو عورت حالتِ حیض میں کثرت سے اس اسم کا ورد رکھے۔ انشاءاللہ اسکی تکلیف رفع ہوجائے گی۔

البَرُّ

(بڑا اچھا سلوک کرنے والا)

جوشخص شراب نوشی، زناکاری وغیرہ بدکاریوں میں گرفتار ہو، روزانہ سات مرتبہ یہ اسم پڑھے، انشاءاللہ ان گناہوں کی رغبت جاتی رہے گی۔ جوشخص حُبِّ دنیا میں مبتلا ہو، اس اسم کو بکثرت پڑھے، انشاءاللہ حُبِّ دنیا اس کے دل سے جاتی رہے گی، جوشخص اپنا بچہ پیدا ہونے کے بعد ہی سات مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر دم کردے اور اللہ کے سپرد کردے وہ بلوغ تک تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

اَلتَّوَّابُ

(بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا)

جو شخص چاشت کے بعد ۳۶۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے گا انشاءاللہ اسے سچی توبہ نصیب ہوگی اور جو شخص کثرت سے اس اسم کو پڑھا کرے گا، انشاءاللہ اسکے تمام کام آسان ہوں گے۔ اگر کسی ظالم پر دس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو انشاءاللہ اس سے خلاصی نصیب ہوگی۔

اَلْمُنْتَقِمُ

(بدلہ لینے والا)

جو شخص حق پر اور اس سے بدلہ لینے کی اس میں قدرت نہ ہو، وہ تین جمعہ تک بکثرت اس اسم کو پڑھے۔ انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ خود اس سے انتقام لے گا۔

اَلْعَفُوُّ

(بہت زیادہ معاف کرنے والا)

جو شخص کثرت سے اس اسم کو پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اسکے گناہوں کو معاف انشاءاللہ معاف فرمادے گا۔

اَلرَّءُوْفُ

(بہت بڑا مُشفق)

جو شخص کثرت سے اس اسم کو ورد رکھے، انشاءاللہ مخلوق اس پر اور وہ مخلوق پر مہربان ہوگا۔ جو شخص ۱۰ مرتبہ درود شریف اور ۱۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے، تو انشاءاللہ اس کا غصہ رفع ہو جائیگا، اور اگر دوسرے غضبناک شخص پر دم کرے تو اسکا غصہ بھی رفع ہو جائے گا۔

مَالِكُ الْمُلْكِ

(مُلکوں کا مالک)

جو شخص یا مالک الملک ہمیشہ پڑھتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو انشاء اللہ غنی اور لوگوں سے بے نیاز فرمادے گا۔ اور وہ کسی کا محتاج بھی نہ رہے گا۔

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

(عظمت وجلال اور انعام واکرام والا)

جو شخص کثرت سے یاذوالجلال واکرام پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو عزت وعظمت اور مخلوق سے استغنار عطا فرمائے گا۔

اَلْمُقْسِطُ

(عدل وانصاف قائم کرنے والا)

جو شخص روزانہ اس اسم کو پڑھا کرے وہ انشاء اللہ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا، اور اگر کسی خاص وجائز مقصد کے لئے ۷۰۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا، انشاء اللہ وہ مقصد اسے حاصل ہوگا۔

اَلْجَامِعُ

(سب کو جمع کرنے والا)

جس شخص کے اعزا یا احباب منتشر ہو گئے ہوں، وہ چاشت کے وقت غسل کر کے آسمان کی طرف منہ کر کے ۱۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور ایک انگلی بند کرلے، اور ہر دس مرتبہ پر ایک انگلی بند کرتا جائے، آخر میں دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے انشاء اللہ جلد جمع ہو جائیں گے۔ اور اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو اللھم یا جامع الناس لیوم لاریب فیہ اجمع ضالتی پڑھا کرے، وہ چیز انشاء اللہ مل جائے گی۔ جائز محبت کے لئے بھی یہ دعا نے مثال ہے۔

اَلْغَنِیُّ

(بڑا بے نیاز و بے پروا)

جو شخص روزانہ ۷۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کے مال میں انشاء اللہ برکت عطا فرمائے گا اور وہ کسی کا محتاج نہ رہے گا، جو شخص کسی ظاہری یا باطنی مرض یا بلا میں گرفتار ہو وہ، اپنے تمام اعضاء اور جسم پر اس اسم کو پڑھ کر دم کیا کرے انشاء اللہ نجات پائے گا۔

اَلْمُغْنِیُ

(بے نیاز و غنی بنا دینے والا)

جو شخص اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ سو مرتبہ (۱۱۱۱) وظیفہ کی طرح یہ اسم پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو ظاہری و باطنی غنا عطا فرمائے گا، صبح کی نماز کے بعد پڑھے، یا عشاء کی نماز کے بعد اس کے ساتھ سورۃ مزمل بھی تلاوت کرے۔

اَلْمَانِعُ

(روک دینے والا)

اگر بیوی سے جھگڑا یا ناچاقی ہو تو بستر پر لیٹتے وقت ۲۰ مرتبہ یہ اسم پڑھا کرے۔ انشاء اللہ جھگڑا اور ناچاقی دور ہو جائے گی۔ اور باہمی انس و محبت پیدا ہو جائے گی۔ جو شخص بکثرت اس اسم کا ورد رکھے گا، انشاء اللہ وہ ہر شر سے محفوظ رہے گا اور اگر کسی خاص و جائز مقصد کے لئے پڑھے، تو انشاء اللہ وہ حاصل ہو جائے گا۔

اَلضَّآرُّ

(ضرر پہنچانے والا)

جو شخص شب جمعہ میں ۱۰۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھا کریگا، وہ انشاء اللہ تمام ظاہری اور باطنی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور قربِ خداوندی اُسے حاصل ہوگا۔

اَلنَّافِعُ

(نفع پہنچانے والا)

جو شخص کشتی سواری میں سوار ہونے کے بعد اس اسم کو کثرت سے پڑھتا رہے، انشاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا، جو شخص کسی بھی کام کے شروع کرتے وقت اکتالیس مرتبہ اس اسم کو پڑھ لیا کرے، انشاء اللہ کام حسب منشاء ہوگا، جو شخص بیوی سے جماع کے وقت پڑھ لیا کرے، اُسے انشاء اللہ اولادِ صالح نصیب ہوگی۔

اَلنُّوْرُ

(سرتاپا نُور اور نُور بخشنے والا)

جو شخص شب جمعہ میں سات مرتبہ سورۃ نور اور ایک ہزار ایک مرتبہ (۱۰۰۱) اس اسم کو پڑھا کرے تو انشاء اللہ اس کا دل انوار الٰہی سے منور ہو جائے گا۔

اَلْهَادِیْ

(سیدھا راستہ دکھانے اور اس پر چلانے والا)

جو شخص ہاتھ اُٹھا کر آسمان کی طرف منہ کر کے بکثرت اس اسم کو پڑھے اور آخر میں چہرہ پر ہاتھ پھیر لے۔ اس کو انشاء اللہ کامل ہدایت نصیب ہوگی۔ اور اہل معرفت میں شامل ہو جائے گا۔

اَلْبَدِیْعُ

(بے مثال چیزوں کو ایجاد کرنے والا)

جس شخص کو کوئی غم یا مصیبت یا کوئی مشکل پیش آئے وہ ایک ہزار مرتبہ یا بدیع السموت والارض پڑھے، انشاء اللہ کشائش نصیب ہوگی۔ جو شخص اس اسم کو باوضو پڑھتے ہوئے سو جائے، تو جس کام کا ارادہ ہو، انشاء اللہ خواب میں نظر آ جائے گا۔ جو شخص نماز عشاء کے بعد یا بدیع العجاب بالخیر یا بدیع بارہ سو مرتبہ، گیارہ دن پڑھے گا تو جس کام یا مقصد کے لئے پڑھے گا، انشاء اللہ وہ پورا عمل ختم ہونے سے پہلے حاصل ہو جائے گا، آزمودہ ہے۔

اَلْبَاقِی

(ہمیشہ رہنے والا)

جو شخص اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ جمعہ کی رات پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو ہر طرح کے ضرر و نقصان سے محفوظ رکھے گا اور انشاء اللہ اس کے تمام نیک اعمال مقبول ہوں گے۔

اَلْوَارِث

(سب کے بعد موجود رہنے والا)

جو شخص طلوع آفتاب کے وقت ۱۰۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا۔ انشاء اللہ ہر رنج و غم اور سختی و مصیبت سے محفوظ رہے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔ اور جو شخص مغرب و عشاء کے درمیان ایک ہزار مرتبہ پڑھے، ہر طرح کی حیرانی اور پریشانی سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

اَلرَّشِید

(رُشدہ ہدایت)

جس شخص کو اپنے کسی کام یا مقصد کی تدبیر نہ سمجھ میں آتی ہو، وہ مغرب و عشاء کے درمیان ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے، تو انشاء اللہ یا تو خواب میں تدابیر اس کی میں نظر میں آجائے گی یا دل میں اس کا القاء ہو جائے گا۔ اگر روزانہ اس اسم کا ورد رکھے تو تمام مشکلات انشاء اللہ دور ہو جائیں گی، اور کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔

اَلصَّبُور


(بڑے صبر و تحمل والا)

جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے ۱۰۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے، وہ انشاء اللہ اس دن ہر مصیبت سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں، حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی، جو شخص کسی بھی طرح کی مصیبت میں گرفتار ہو۔ وہ ایک ہزار بیس مرتبہ اس اسم کو پڑھے، انشاء اللہ اس سے نجات پائے گا اور اطمینان قلب نصیب ہوگا۔


ان اللہ جمیل یحب الجمال

(بیشک اللہ تعالیٰ خوبصورت ہے (اور) وہ خوبصورتی کو پسند کرتا ہے)

نقش یا رشید



نقش یا صبور



نقش یا المالک الملک

۷۲	۶۶	۷۴
۷۳	۷۱	۶۸
۶۷	۷۵	۷۰

نقش یا ذوجلال والاکرام

۳۶۸	۳۶۲	۳۷۰
۳۶۹	۳۶۷	۳۶۴
۳۶۳	۳۷۱	۳۶۶

نقش یا مقسط

۷۱	۶۵	۷۳
۷۲	۷۰	۶۷
۶۶	۷۴	۶۹

نقش یا جامع

۳۹	۳۴	۴۱
۴۰	۳۸	۳۶
۳۵	۴۲	۳۷

نقش یا غنی

جبرائیل

۳۵۷	۳۴۹	۳۵۴
۳۵۱	۳۵۳	۳۵۶
۳۵۲	۳۵۸	۳۵۰

نقش یا مانع

جبرائیل

۵۷	۴۹	۵۵
۵۱	۵۴	۵۶
۵۳	۵۸	۵۰

نقش یا ضار

جبرائیل

۳۳۷	۳۲۹	۳۳۵
۳۳۱	۳۳۴	۳۳۶
۳۳۳	۳۳۸	۳۳۰

نقش یا نافع

جبرائیل

۷۰	۶۳	۶۸
۶۵	۶۷	۶۹
۶۶	۷۱	۶۴

نقش یا تواب

۱۴۰	۱۳۲	۱۳۷
۱۳۴	۱۳۶	۱۳۹
۱۳۵	۱۴۱	۱۳۳

نقش یا منتقم

۲۱۳	۲۰۶	۲۱۱
۲۰۸	۲۱۰	۲۱۲
۲۰۹	۲۱۴	۲۰۷

نقش یا عفو

۵۵	۴۸	۵۳
۵۰	۵۲	۵۴
۵۱	۵۶	۴۹

نقش یا رؤف

۹۹	۹۱	۹۶
۹۳	۹۵	۹۸
۹۴	۱۰۰	۹۲

نقش یا باطن

جبرائیل

۲۴	۱۶	۲۲
۱۸	۲۱	۲۳
۲۰	۲۵	۱۷

نقش یا والی

جبرائیل

۲۴	۱۶	۲۲
۱۸	۲۱	۲۳
۲۰	۲۵	۱۷

نقش یا متعال

جبرائیل

۱۸۳	۱۷۶	۱۸۱
۱۷۸	۱۸۰	۱۸۲
۱۷۹	۱۸۴	۱۷۷

نقش یا بر

جبرائیل

۷۱	۶۳	۶۸
۶۵	۶۷	۷۰
۶۶	۷۲	۶۴

نقش یا موخر

جبرائیل

۲۸۵	۲۷۸	۲۸۳
۲۸۰	۲۸۲	۲۸۴
۲۸۱	۲۸۶	۲۷۹

نقش یا اوّل

جبرائیل

۱۶	۸	۱۳
۱۰	۱۲	۱۵
۱۱	۱۷	۹

نقش یا آخر

جبرائیل

۲۷۰	۲۶۳	۲۶۸
۲۶۵	۲۶۷	۲۶۹
۲۶۶	۲۷۱	۲۶۴

نقش یا ظاهر

جبرائیل

۳۷۲	۳۶۴	۳۷۰
۳۶۶	۳۶۹	۳۷۱
۳۶۸	۳۷۳	۳۶۵

نقش یا صمد

۴۶	۴۰	۴۸
۴۷	۴۵	۴۲
۴۱	۴۹	۴۴

نقش یا قادر

۱۰۳	۹۷	۱۰۵
۱۰۴	۱۰۲	۹۹
۹۸	۱۰۶	۱۰۱

نقش یا مقتدر

۲۴۹	۲۴۴	۲۵۱
۲۵۰	۲۴۸	۲۴۶
۲۴۵	۲۵۶	۲۴۷

نقش یا مقدم

۶۲	۵۷	۶۵
۶۴	۶۱	۵۹
۵۸	۶۶	۶۰

نقش یا حیّی

جبرائیل

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

نقش یا قیوم

جبرائیل

۵۳	۴۸	۵۵
۵۴	۵۲	۵۰
۴۹	۵۶	۵۱

نقش یا ماجد

جبرائیل

۱۷	۱۲	۱۹
۱۸	۱۶	۱۴
۱۳	۲۰	۱۵

نقش یا واحد

جبرائیل

۷	۲	۱۰
۹	۶	۴
۳	۱۱	۵

نقش یا مبدی

۲۲	۱۴	۲۰
۱۶	۱۹	۲۱
۱۸	۲۳	۱۵

نقش یا معید

۴۵	۳۷	۴۲
۳۹	۴۱	۴۴
۴۰	۴۶	۳۸

نقش یا معیی

۲۶	۱۸	۲۴
۲۰	۲۳	۲۵
۲۲	۲۷	۱۹

نقش یا ممیت

۱۶۷	۱۵۹	۱۶۴
۱۶۱	۱۶۳	۱۶۶
۱۶۲	۱۶۸	۱۶۰

نقش یا شہید

جبرائیل

۱۰۷	۱۰۲	۱۱۰
۱۰۹	۱۰۶	۱۰۴
۱۰۳	۱۱۱	۱۰۵

نقش یا حق

جبرائیل

۳۷	۳۲	۳۹
۳۸	۳۶	۳۴
۳۳	۴۰	۳۵

نقش یا وکیل

جبرائیل

۲۳	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۲۰
۱۹	۲۶	۲۱

نقش یا قوی

جبرائیل

۴۰	۳۴	۴۲
۴۱	۳۹	۳۶
۳۵	۴۳	۳۸

نقش یا متین

جبرائیل

۱۶۸	۱۶۲	۱۷۰
۱۶۹	۱۶۷	۱۶۴
۱۶۳	۱۷۱	۱۶۶

نقش یا ولی

جبرائیل

۱۶	۱۱	۱۹
۱۸	۱۵	۱۳
۱۲	۲۰	۱۴

نقش یا حمید

جبرائیل

۲۲	۱۶	۲۴
۲۳	۲۱	۱۸
۱۷	۲۵	۲۰

نقش یا محصی

جبرائیل

۵۰	۴۵	۵۳
۵۲	۴۹	۴۷
۴۶	۵۴	۴۸

نقش یا حکیم

جبرائیل

۲۹	۲۲	۲۷
۲۴	۲۶	۲۸
۲۵	۳۰	۲۳

نقش یا ودود

جبرائیل

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

نقش یا مجید

جبرائیل

۲۲	۱۵	۲۰
۱۷	۱۹	۲۱
۱۸	۲۳	۱۶

نقش یا باعث

جبرائیل

۱۹۴	۱۸۷	۱۹۲
۱۸۹	۱۹۱	۱۹۳
۱۹۰	۱۹۵	۱۸۸

نقش یا کریم

جبرائیل

۹۳	۸۶	۹۱
۸۸	۹۰	۹۲
۸۹	۹۴	۸۷

نقش یا رقیب

جبرائیل

۱۰۷	۱۰۰	۱۰۵
۱۰۲	۱۰۴	۱۰۶
۱۰۳	۱۰۸	۱۰۱

نقش یا مجیب

جبرائیل

۲۲	۱۴	۱۹
۱۶	۱۸	۲۱
۱۷	۲۳	۱۵

نقش یا واسع

جبرائیل

۴۹	۴۱	۴۷
۴۳	۴۶	۴۸
۴۵	۵۰	۴۲

نقش یا مقیت

۱۸۴	۱۷۹	۱۸۷
۱۸۶	۱۸۳	۱۸۱
۱۸۰	۱۸۸	۱۸۲

نقش یا حسیب

۲۸	۲۲	۳۰
۲۹	۲۷	۲۴
۲۳	۳۱	۲۶

نقش یا جلیل

۲۵	۲۰	۲۸
۲۷	۲۴	۲۲
۲۱	۲۹	۲۳

نقش یا باسط

۲۵	۲۰	۲۷
۲۶	۲۴	۲۲
۲۱	۲۸	۲۳

نقش یا شکور

جبرائیل

۱۷۹	۱۷۱	۱۷۶
۱۷۳	۱۷۵	۱۷۸
۱۷۴	۱۸۰	۱۷۲

نقش یا علی

جبرائیل

۳۹	۳۲	۳۷
۳۴	۳۶	۳۸
۳۵	۴۰	۳۳

نقش یا کبیر

جبرائیل

۸۱	۷۳	۷۸
۷۵	۷۷	۸۰
۷۶	۸۲	۷۴

نقش یا حفیظ

جبرائیل

۳۳۶	۳۲۸	۳۳۴
۳۳۰	۳۳۳	۳۳۵
۳۳۲	۳۳۷	۳۲۹

نقش یا خبیر

۲۶۷	۲۷۵	۲۷۰
۲۷۳	۲۷۱	۲۶۸
۲۷۲	۲۶۶	۲۷۴

نقش یا حلیم

۲۶	۳۴	۲۸
۳۲	۲۹	۲۷
۳۰	۲۵	۳۳

نقش یا عظیم

۳۳۷	۳۴۴	۳۳۹
۳۴۲	۳۴۰	۳۳۸
۳۴۱	۳۳۶	۳۴۳

نقش یا غفور

۴۲۵	۴۳۳	۴۲۸
۴۳۱	۴۲۹	۴۲۶
۴۳۰	۴۲۴	۴۳۲

نقش یا بصیر

جبرائیل

۱۰۴	۹۶	۱۰۲
۹۸	۱۰۱	۱۰۳
۱۰۰	۱۰۵	۹۷

نقش یا حکم

جبرائیل

۲۶	۱۸	۲۴
۲۰	۲۳	۲۵
۲۲	۲۷	۱۹

نقش یا عدل

جبرائیل

۳۸	۳۰	۳۶
۳۲	۳۵	۳۷
۳۴	۳۹	۳۱

نقش یا لطیف

جبرائیل

۴۶	۳۹	۴۴
۴۱	۴۳	۴۵
۴۲	۴۷	۴۰

نقش یا نافع

جبرائیل

۱۱۸	۱۱۳	۱۲۰
۱۱۹	۱۱۷	۱۱۵
۱۱۴	۱۲۱	۱۱۶

نقش یا معز

جبرائیل

۴۰	۳۵	۴۲
۴۱	۳۹	۳۷
۳۶	۴۳	۳۸

نقش یا مذل

جبرائیل

۲۵۸	۲۵۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۵۷	۲۵۴
۲۵۳	۲۶۱	۲۵۶

نقش یا سمیع

جبرائیل

۶۱	۵۶	۶۳
۶۲	۶۰	۵۸
۵۷	۶۴	۵۹

نقش یا رزاق

۱۰۴	۹۸	۱۰۶
۱۰۵	۱۰۳	۱۰۰
۹۹	۱۰۷	۱۰۲

نقش یا فتّاح

۱۶۴	۱۵۹	۱۶۶
۱۶۵	۱۶۳	۱۶۱
۱۶۰	۱۶۷	۱۶۲

نقش یا علیم

۵۱	۴۶	۵۳
۵۲	۵۰	۴۸
۴۷	۵۴	۴۹

نقش یا خافض

۴۹۵	۴۸۹	۴۹۷
۴۹۶	۴۹۴	۴۹۱
۴۹۰	۴۹۸	۴۹۳

نقش یا باری

۷۴	۶۷	۷۲
۶۹	۷۱	۷۳
۷۰	۷۵	۶۸

نقش یا مصور

۱۱۵	۱۰۸	۱۱۳
۱۱۰	۱۱۲	۱۱۴
۱۱۱	۱۱۶	۱۰۹

نقش یا غفار

۴۳۰	۴۲۳	۴۲۸
۴۲۵	۴۲۷	۴۲۹
۴۲۶	۴۳۱	۴۲۴

نقش یا قهار

۱۰۵	۹۸	۱۰۳
۱۰۰	۱۰۲	۱۰۴
۱۰۱	۱۰۶	۹۹

نقش یا عزیز

جبرائیل

۳۵	۲۷	۳۲
۲۹	۳۱	۳۴
۳۰	۳۶	۲۸

نقش یا جبار

جبرائیل

۷۲	۶۴	۷۰
۶۶	۶۹	۷۱
۶۸	۷۳	۶۵

نقش یا متکبّر

جبرائیل

۲۲۴	۲۱۶	۲۲۲
۲۱۸	۲۲۱	۲۲۳
۲۲۰	۲۲۵	۲۱۷

نقش یا خالق

جبرائیل

۲۴۷	۲۳۶	۲۴۵
۲۴۱	۲۴۴	۲۴۶
۲۴۳	۲۴۸	۲۴۰

نقش یا قدّوس

جبرائیل

۵۸	۵۲	۶۰
۵۹	۵۷	۵۴
۵۳	۶۱	۵۶

نقش یا سلام

جبرائیل

۴۵	۳۹	۴۷
۴۶	۴۴	۴۱
۴۰	۴۸	۴۳

نقش یا مومن

جبرائیل

۴۶	۴۱	۴۹
۴۸	۴۵	۴۳
۴۲	۵۰	۴۴

نقش یا مهیمن

جبرائیل

۴۹	۴۴	۵۲
۵۱	۴۸	۴۶
۴۵	۵۳	۴۷

نقش یا اللّٰہ

جبرائیل

۲۳	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۲۰
۱۹	۲۶	۲۱

نقش یا رحمٰن

جبرائیل

۱۰۰	۹۵	۱۰۳
۱۰۲	۹۹	۹۷
۹۶	۱۰۴	۹۸

نقش یا رحیم

جبرائیل

۸۷	۸۲	۸۹
۸۸	۸۶	۸۴
۸۳	۹۰	۸۵

نقش یا مالک

جبرائیل

۳۱	۲۶	۳۴
۳۳	۳۰	۲۸
۲۷	۳۵	۲۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ

عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی

اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ہر قسم کی بیماری کے لئے

وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗٓ اِلَّا ھُوَ ۚ وَاِنْ یَّمْسَسْکَ بِخَیْرٍ فَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ (پارہ ۷ آیت ۱۷ سورۃ الانعام)

خاصیت: ہر قسم کی بیماری سے شفا حاصل کرنے کیلئے ۷ یا ۱۱ دفعہ جس جگہ تکلیف ہو وہاں ہاتھ رکھ کر پڑھیں اور تھتھلا دیں۔

گردے اور پتے کی پتھری کیلئے

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَۃِ لَمَا یَتَفَجَّرُ مِنْہُ الْاَنْھٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْھَا لَمَا یَشَّقَّقُ فَیَخْرُجُ مِنْہُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْھَا لَمَا یَھْبِطُ مِنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ ؕ وَمَا اللّٰہُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ سورۃ بقرہ آیت نمبر 74

خاصیت: گردے اور پتے کی پتھری دور کرنے کے لئے ۴۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اُس وقت تک پلائیں جب تک کامیابی نہ ہو۔

ناسور یا چہرے و بدن کے داغ دھبہ کیلئے

مُسَلَّمَۃٌ لَّا شِیَۃَ فِیْھَا ؕ (سورۃ البقرہ پارہ ۱ آیت ۷۱)

خاصیت: کسی کے بدن پر ناسور ہو یا کوئی داغ دھبہ ہو تو ۴۱ بار دوا یا مرہم پر پڑھ کر پھونکیں اور پھر استعمال کریں انشاء اللہ داغ دھبہ دور ہو جائے گا۔

دل کے مریض و زچگی میں آسانی کے لئے

سورۃ یٰسین (سورۃ یٰسین پارہ ۲۲)

خاصیت: جس شخص کو دل کی تکلیف ہو یا دل کمزور ہو گیا ہو یا گھبراہٹ ہوتی ہو اس کو روزانہ سورۃ یٰسین پانی پر دم کر کے پلانا دل کی قوت کا باعث ہوتا ہے قرآن میں اللہ تعالیٰ نے سورۃ یٰسین کو قرآن کا دل فرمایا ہے زچگی کے دوران تین دفعہ اس سورۃ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانے سے زچگی میں آسانی ہو جاتی ہے۔

بلڈ پریشر کے لئے

وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ آیت ۱۳۴ پارہ ۴ آلِ عمران

خاصیت: جو بلڈ پریشر کا مریض ہو وہ اس دعا کو ۱۰۱ مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور فائدہ پہنچے گا۔

شوگر کی بیماری کے لئے

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۔

سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 80

خاصیت: جس کو شوگر کی بیماری ہو وہ اس دعا کو ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

دانت کے درد کے لئے

ھُوَ الَّذِیْٓ اَنْشَاَکُمْ وَجَعَلَ لَکُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَۃَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَ ۔ آیت ۲۳ سورۃ ملک پارہ نمبر ۲۹

خاصیت: جس کے دانت میں درد ہو اپنی انگلی دانت پر رکھ کر یہ دعا پڑھے۔

بیماری کی وجہ سے بھوک و پیاس ختم ہو جائے تو یہ پڑھے

وَالَّذِیْ ھُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ ۝ آیت ۷۹-۸۰ پارہ نمبر ۲۹ سورۃ الشعرا

خاصیت: جس کی بھوک اور پیاس بند ہو جائے بیماری کی وجہ سے اس دعا کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

خطرناک بیماریوں یعنی کینسر، ٹی بی، یرقان، شوگر وغیرہ سے حفاظت کی دعاء۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا ؕ

خاصیت: خطرناک بیماریوں یعنی کینسر یا کوئی اور تکلیف میں مبتلا مریض کو دیکھ کر اگر یہ دعا پڑھ لی جائے تو پڑھنے والا کبھی اس بیماری میں مبتلا نہ ہوگا

نوٹ: مصیبت زدہ یا مریض کے سامنے یہ دعا آہستہ سے پڑھے

معذور افراد کے لئے

اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ط سورۃ الاعراف آیت ۱۹۵

خاصیت: اگر کوئی ہاتھ، پیر، کان، آنکھ یا ٹانگ سے معذور ہو تو اس آیت کو کثرت سے پڑھ کر مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں۔

ظالم کے ظلم سے بچنے اور نہ سمجھ میں آنے والی بیماری کیلئے

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سورۃ قمر آیت نمبر 10

خاصیت: اگر کسی شخص کو کوئی بیماری ہو اور ڈاکٹر کی سمجھ سے باہر ہو یا کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو یا کوئی شخص مظلوم ہو اور ظالم کا ظلم انتہا تک پہنچ چکا ہو تو روزانہ ۳۱۳ دفعہ پڑھکر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونکیں اور مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں یہ عمل ۴۱ روز تک کریں

دائمی تندرستی کے لئے

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ط فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ط لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (پارہ ۲۱ آیت ۳۰ سورۃ الروم)

خاصیت: جو شخص چاہے کہ مرتے دم تک اس کے تمام اعضاء درست رہیں اور وہ تندرست رہے تو روزانہ ۳ دفعہ اپنے اوپر پڑھ کر پھونکے

بخار، ضد و غصہ ختم کرنے کیلئے

يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝

سورۃ الانبیاء آیت ۶۹

خاصیت: بخار کی تیزی ختم کرنے کیلئے پڑھ کر مریض پر دم کریں اور غصہ اور ضد کو ختم کرنے کیلئے بھی اس دُعا کا استعمال مفید ہے۔

بظاہر کوئی بیماری نہ ہو اور مریض سوکھتا جا رہا ہو تو پڑھے

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ج يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ط نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ (سورۃ یوسف آیت ۵۶)

خاصیت: اگر کوئی بچہ یا شخص بیمار ہو یا کمزور ہو یا سوکھتا چلا جا رہا ہو اور بظاہر کوئی بیماری نظر نہ آتی ہو تو اوّل و آخر تین مرتبہ دُرود شریف پڑھ کر ۲۱ دن تک ۴۱ دفعہ اس کو پڑھے اور دم کریں۔

کینسر طاعون یا ستر کی بیماریوں سے بچنے کیلئے

يَا مَلِكُ ، يَا قُدُّوْسُ ، يَا سَلَامُ

خاصیت: ہر شخص کو چاہئے کہ سرطان، طاعون، ہسٹریا پھوڑے پھنسی کی بیماری سے بچنے کیلئے ان اسماء الحسنیٰ کو صبح و شام گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہینگے۔

دل کی گھبراہٹ و دھڑکن کیلئے

لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ

سورۃ انفال آیت نمبر 11

خاصیت: یہ آیت ہول دل کیلئے نہایت مجرب ہے اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح لٹکا دے کہ وہ تعویذ عین قلب پر رہے بلکہ اس کو کپڑے سے یا ٹھڑے یعنی دھاگے سے باندھ دے کہ قلب سے نہ ہٹنے پاوے۔

گرمی کے بخار کے لئے

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ

سورۃ انبیاء آیت نمبر 69

خاصیت: جس کو گرمی سے بخار آتا ہو اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا۔

اگر کوئی زہریلا جانور کاٹ لے

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ

سورۃ الشعراء آیت نمبر 130

خاصیت: اگر کسی کو زہریلا جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں سات بار پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔

اگر ناف اُتر جائے

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ط

سورۃ البقرہ آیت نمبر 178

خاصیت: جس کسی کی ناف ٹل گئی ہو اس آیت کریمہ کو لکھ کر ناف پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔

آنکھوں کی روشنی کی حفاظت کیلئے

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ

سورۃ ق آیت نمبر 22

خاصیت: اس آیت کو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر لگائے انشاء اللہ تعالیٰ بصارت میں کمی نہ ہوگی۔ بلکہ جس قدر نقصان ہو گیا وہ بھی جاتا رہیگا۔

سر درد کے لئے

لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ

سورۃ واقعہ آیت نمبر 19

خاصیت: جس کو درد سر ہو اس پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ جاتا رہیگا۔

داڑھ کے درد کے لئے

لِكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○

سورۃ الانعام آیت نمبر 67

خاصیت: جس کے دانت میں درد ہو وہ اس آیت کو چھوٹے سے کاغذ پر لکھ کر داڑھ کے نیچے دبائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

خارش کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ط سورۃ المؤمنون آیت نمبر 14

خاصیت: کسی شخص کے خارش ہوگئی تھی اور کسی تدبیر سے فائدہ نہ ہوتا تھا ایک قافلہ کے ساتھ مکہ مکرمہ چلا اور چلنے سے عاجز ہو کر قافلہ سے پیچھے رہ گیا، حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مزار پر ٹھہر گیا، حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا اور اپنے مرض کی شکایت عرض کی۔ آپ نے یہ آیت پڑھی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ فکسونا العظم لحماً سے الخالقین ○ تک (پ:۱۸ ع:۱) صبح کو اچھا خاصا اٹھا۔ مرض سے شفاء ہونے تک روزانہ سوتے وقت پڑھے۔

داد کے لئے

وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ ِۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ

(سورۃ ابراہیم آیت ۲۶ پ:۱۳ ع:۱۶)

خاصیت: ایک تاگا لیکر اس میں یہ آیت تین بار پڑھ کر تین گرہ لگا دو وہ تاگا مریض کے باندھ دیا جاوے،

گنج کے لئے

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 82

خاصیت: کسی گنجے پر یہ آیت پڑھ کر تھنکار دیا گیا تھا وہ اچھا ہو گیا،

اٹکے ہوئے کام اور جائز مراد کے لئے

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ

سورۃ یٰسین آیت ۸۲ پارہ ۲۳

خاصیت: اگر کسی کا کوئی کام اٹکا ہو اس کے لئے اور ہر جائز مراد کے لئے اس دُعا کو عقیدے کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے پڑھے یہ دعا فتح کے دروازے کھول دیتی ہے۔ یہ دُعا آزمودہ ہے۔

اگر پیشاب رُک جائے

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۖ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۚ

(پ:۲۷ ع:۸ سورۃ القمر آیت ۱۱،۱۲)

خاصیت: ابن کلبی نے لکھا ہے کہ کسی شخص کا پیشاب رُک گیا ایک فاضل نے یہ آیت لکھ کر بازو میں باندھ دی شفا ہو گئی۔

چیچک یا چکن پاکس کے لئے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ سورۃ رحمٰن

خاصیت: جب چیچک یا چکن پاکس کی بیماری ظاہر ہو تو نیلا تاگا لے اور اس پر سورۂ رحمٰن پڑھے اور جے بار کہ تو فبای الاء ربکما تکذبان ○ پر پہنچے ایک گرہ دے اور اس پر پھونک ڈال اور تاگے کو مریض کی گردن میں ڈال دے۔ حق تعالیٰ اس کو بیماری سے آرام دے گا۔ برائے حفاظت دوسرے بچوں کے گلے میں بھی ڈال دیں تاگہ پر کل (۳۱) گرہیں لگیں گی۔

مرگی کے مرض کیلئے

اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ

سورۃ بروج آیت نمبر 10

خاصیت: مرگی کے مریض کے سر میں یہ آیت تین بار لکھ کر باندھنا مفید ہے۔

سورۂ والشمس مرگی کے مریض کے کان میں پڑھ کر دم کرنا مفید ہے

جو شخص سورۂ سجدہ لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اسے مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا۔ سورۂ فاتحہ ایت الکرسی اور سورۂ جن کی شروع کی پانچ آیتیں پڑھ کر مرگی کے مریض پر دم کرنے اور پانی پر پڑھ کر اس کے منہ پر چھینٹا مارنے سے انشاء اللہ دورہ ختم ہو جائے گا۔

سرسام کے لئے

قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا

سورۃ الانبیاء آیت نمبر 69-68

خاصیت: سرسام کے مریض کے سر میں یہ آیت لکھکر باندھی جائے اور بارش کے پانی پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پلائی جائے تو انشاء اللہ مرض ٹھیک ہو جائے گا۔

رزق کی فراخی کے لئے

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى

سورۃ الضحیٰ آیت نمبر 5

خاصیت: جو یہ دُعا پڑھتا رہے گا وہ کبھی بھوکا نہیں رہے گا اور نہ اس کے رزق میں کمی ہوگی، ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے۔

آیت الکرسی، گیارہ مرتبہ سورۂ کافرون، گیارہ بار سورۂ اخلاص گیارہ بار معوذتین بار، پھر گیارہ بار سورۂ فاتحہ اور، گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ شفا ملے گا۔ بہت مجرب ہے۔

نزلہ وزکام کے لئے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا۔ سورۃ کہف آیت نمبر 1

خاصیت: اگر کسی کو نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہوں تو گیارہ بار یہ آیت کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر مریض کو کھلایا جائے۔ تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر نزلہ وزکام کے مریض پر دم کیا جائے انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔

لقوہ کے مرض کیلئے

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 144

خاصیت: جو شخص کو لقوہ ہو گیا ہو اسے یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ شفا ہو گی۔ اسی آیت کو ایک سو بار پانی پر دم کر کے لقوہ کے مریض کو پلائیں۔

ہچکی روکنے کیلئے

یَا حَفِیْظُ

خاصیت: تین سانس میں پانی پئیں اور ہر سانس میں سات مرتبہ یا حفیظ پڑھا جائے۔ انشاء اللہ ہچکی بند ہو جائے گی۔

سینہ کے درد کیلئے

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ سورۃ زمر آیت نمبر 22

خاصیت: ۱۔ سینہ کے درد کے لئے یہ آیت لکھ کر گلے میں پہننا بہت مفید ہے۔

شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ سورۃ یونس آیت نمبر 57

۲۔ سات مرتبہ یہ آیت آب زم زم پر پڑھ کر پلانے سے انشاء اللہ سینہ کا درد جاتا رہے گا۔

وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ۔ سورۃ توبہ آیت نمبر 14

۳۔ اکتالیس مرتبہ یہ آیت آب زم زم پر پڑھ کر پلانے سے انشاء اللہ درد سینہ ختم ہو جائے گا، مجرب ہے۔

کھانسی کے لئے

وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَیْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ۔ سورۃ ص آیت نمبر 20

خاصیت: اگر کسی کو کھانسی ہو گئی ہو تو یہ آیت اکیس مرتبہ سیاہ نمک پر دم کر کے چٹایا جائے

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ سورۃ یسین آیت نمبر 58

۲۔ اکتالیس بار آیت پانی پر پڑھ کر پلانے سے انشاء اللہ کھانسی میں کمی ہو جائے گی

۴۔ اگر کسی کو کالی کانسی ہو گئی ہو تو سات دن اکتالیس مرتبہ سورۂ الم نشرح پانی پر دم کر کے پلایا جائے اور اسی سورت کو لکھ کر گلے میں لٹکائیں، انشاء اللہ شفا ہو گی۔

دمہ کے مرض کیلئے

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝ لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَیْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِیْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا ۪ وَاغْفِرْ لَنَا ۪ وَارْحَمْنَا ۪ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ۝

سورۃ بقرہ آیت نمبر 286

خاصیت: دمہ کے مریض کو یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالی جائے انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔ ۲۔ آیۃ الکرسی خالد دن تک لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالی جائے انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔ ۳۔ سورۂ فاتحہ چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر سات یوم تک مسلسل دمہ کے مریض کو پلائی جائے بہت مفید ہے۔

دردِ معدہ کے لئے

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ سورۃ آل عمران آیت نمبر 8

خاصیت: جس کے معدہ میں درد ہو اس کو بعد نماز فجر اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے ۲۱ روز تک پلایا جائے۔

قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ رَبِّیْۤ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ سورۃ الانعام آیت نمبر 161

یہ آیت پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے اور اسی کو لکھ کر گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ معدہ کا درد جاتا رہے گا۔

بدہضمی کے لئے

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 105

خاصیت: سات مرتبہ یہ آیت نمک پر دم کر کے کھلایا جائے بدہضمی کے لئے بہت مفید ہے۔!

جسے بدہضمی ہو گئی ہو اسے سورۂ قدر گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔

اَللَّیْلَةُ لَیْلَةُ عِیْدِیْ یَا كُرَشِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْ سَیِّدِیْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِیْ

اگر کوئی شخص زیادہ کھالے اور بدہضمی کا اندیشہ ہو تو کھانے کے بعد ہاتھ سے اپنے پیٹ کو سہلاتا ہوا اوپر سے نیچے کو لائے اور تین مرتبہ یہ دعا پڑھے انشاء اللہ بدہضمی نہیں ہو گی۔ مجرب عمل ہے۔ تا آنکہ ہیضہ میں بھی مفید ہے۔

پیٹ کے درد کیلئے

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ۔

سورۃ النحل آیت نمبر 78

خاصیت: اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو سات مرتبہ یہ آیت نمک پر دم کر کے چٹایا جائے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 255

۲۔ گیارہ بار یہ آیت مانی پر یا کسی مٹنے کی چیز پر دم کر کے پلانے سے انشاء اللہ

دست روکنے کیلئے

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ سورۃ النحل آیت 128

خاصیت: اگر کسی کو دست آتے ہوں تو سات دن تک یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے نہایت اکسیر ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 1

جسے دست آ رہے ہوں اسے پہلے دن بسم اللہ اور دوسرے دن بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الم اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم لکھ کر پیٹ پر باندھا جائے۔

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ وَهُدًی وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْیَفْرَحُوْا هُوَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ۔ سورۃ یونس آیت نمبر 57

۳۔ اگر خونی دست آتے ہوں تو اکیس دن تک یہ آیت لکھ کر پانی میں دھو کر پلایا جائے اور اسی کو گلے میں پہنایا بھی جائے بہت مفید و مجرب ہے ۴۔ خونی دست میں اسم باری تعالیٰ یا حفیظ تین سو بار پانی پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔

متلی کے لئے

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ سورۃ محمد آیت نمبر 2

خاصیت: اگر متلی آتی ہو تو یہ آیت تین بار پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔

یَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰی مِنْكُمْ خَافِیَةٌ۔

سورۃ الحاقۃ آیت نمبر 18

۲۔ اکتالیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا اور اسی آیت کو لکھ کر گلے میں ڈالنا متلی کے واسطے بہت مفید ہے۔

پیاس کی زیادتی

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِی الْاَرْضِ۔

سورۃ المومنون آیت نمبر 18

خاصیت: اگر پیاس زیادہ لگتی ہو تو یہ آیت سات بار پانی پر دم کر کے پلانا بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔

بھوک کی کمی کیلئے

هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ سورۃ شعراء آیت نمبر 79

خاصیت: اگر بھوک کم لگتی ہو تو اکتالیس مرتبہ یہ آیت کھانے پر دم کر کے کھلایا جائے۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِیْمٌ۔ سورۃ النور آیت نمبر 20

۲۔ بھوک بالکل نہ لگتی ہو تو اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے پلائی جائے انشاء اللہ بھوک خوب لگے گی، مجرب ہے۔ ۳۔ اسم باری تعالیٰ یا قوی تین سو بار کھانے پر دم کر کے کھانے سے بھوک میں اضافہ ہوگا۔

درد جگر کے لئے

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ سورۃ الاعراف آیت نمبر 54

خاصیت: جگر میں درد ہو تو یہ آیت لکھ کر درد کی جگہ پر باندھی جائے اور اس کو بارش کے پانی پر دم کر کے ایک ہفتہ تک پلایا جائے۔ انشاء اللہ درد جاتا رہے گا بہت مجرب ہے۔ (بارش کا پانی نہ ہو تو آب زم زم یا سادہ پانی پر دم کیا جائے)

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ۔

سورۃ الرحمٰن آیت نمبر 78

